# ماڈل پیپر "تاریخ پاکستان"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر:20

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، C،B اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A،B،C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) حضرت محل کس کا نام تھا؟
(الف) کسی تاریخی عمارت کا　(ب) کسی جگہ کا　(ج) کسی شخصیت کا　(د) کسی عہدے کا

(ii) کتاب آثارالصنادید کے مصنف کون تھے؟
(الف) مولانا شبلی نعمانی　(ب) سرسید احمد خان　(ج) سرآغا خان　(د) الطاف حسین حالی

(iii) انڈین نیشنل کانگرس کی بنیاد کب رکھی گئی؟
(الف) 1820　(ب) 1858　(ج) 1885　(د) 1906

(iv) بہادر شاہ ظفر کو گرفتار کر کے کہاں بھیجا گیا؟
(الف) لندن　(ب) کلکتہ　(ج) رنگون　(د) ڈھاکہ

(v) حیات جاوید کس کی سوانح عمری ہے؟
(الف) ڈاکٹر جاوید اقبال کی　(ب) سید احمد شہید کی　(ج) سرسید احمد خان کی　(د) وقارالملک کی

(vi) اردو ہندی تنازعہ کب شروع ہوا؟
(الف) 1867ء　(ب) 1871ء　(ج) 1902ء　(د) 1937ء

(vii) لندن مسلم لیگ کس نے قائم کی؟
(الف) محسن الملک　(ب) سید امیر علی　(ج) سرآغا خان　(د) سرعلی امام

(viii) 1913 میں کس شہر میں مسجد کا ایک حصہ شہید کیا گیا؟
(الف) دہلی　(ب) الہ آباد　(ج) کانپور　(د) سہارن پور

(ix) جنگ عظیم اول کب شروع ہوئی؟
(الف) 1919　(ب) 1913　(ج) 1914　(د) 1916

(x) مسلمانوں کو جداگانہ انتخاب کا حق کب ملا؟
(الف) 1892 میں　(ب) 1909 میں　(ج) 1916 میں　(د) 1919 میں

(xi) قائداعظم نے کانگرس سے استعفیٰ کب دیا؟
(الف) اکتوبر 1919　(ب) دسمبر 1920　(ج) اگست 1923　(د) جنوری 1929

(xii) پہلی گول میز کانفرنس کس سال منعقد کی گئی؟
(الف) 1928　(ب) 1930　(ج) 1932　(د) 1934

(xiii) 1937 کے انتخابات میں مسلم لیگ نے کتنی مسلم نشستیں حاصل کیں؟

(الف) 98 (ب) 102 (ج) 148 (د) 428

(xiv) مسلمانوں نے یوم نجات کب منایا؟

(الف) 11 ستمبر 1937 (ب) 22 دسمبر 1939 (ج) 21 دسمبر 1941 (د) 15 اگست 1946

(xv) قرارداد لاہور کس نے پیش کی؟

(الف) سر سکندر حیات خان (ب) سر سعد اللہ خان (ج) اے کے فضل الحق (د) ملک برکت علی

(xvi) ہندوستان کے آخری انگریز وائسرائے کون تھے؟

(الف) لارڈ ویول (ب) لارڈ لنلتھگو (ج) ماؤنٹ بیٹن (د) ایون جنکنز

(xvii) 16 اگست 1946 کو کس شہر میں مسلمانوں کا قتل عام ہوا؟

(الف) دہلی (ب) کلکتہ (ج) مدراس (د) بمبئی

(xviii) پنجاب کی خضر حیات ٹوانہ وزارت نے کب مستعفی ہونے کا اعلان کیا؟

(الف) 21 مارچ 1946 (ب) 14 اگست 1946 (ج) 2 مارچ 1947 (د) 21 اپریل 1947

(xix) پاکستان کی عبوری حکومت کب قائم ہوئی؟

(الف) 14 اگست 1947 (ب) 20 جولائی 1947 (ج) 11 اگست 1947 (د) 15 اگست 1947

(xx) ریڈکلف ایوارڈ کا اعلان کب کیا گیا؟

(الف) 11 اگست 1947 (ب) 14 اگست 1947 (ج) 18 اگست 1947 (د) 17 اگست 1947

# ماڈل پیپر "تاریخ پاکستان"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔ا

### حصہ انشائی

وقت: 2-30 گھنٹے | کل نمبر: 80

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 25 (پچیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔ 25x2=50

## حصہ اول

**سوال نمبر 1۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) البیرونی کون تھا؟ اس کی کتاب کا نام لکھیں۔

(ii) مجدد الف ثانی نے کس بادشاہ کی مخالفت کی اور کیوں؟

(iii) احمد شاہ ابدالی کس ملک کا بادشاہ تھا؟ اسے ہندوستان آنے کی دعوت کس نے دی؟

(iv) سر سید احمد خان نے کانگرس کی مخالفت کیوں کی؟

(v) سر سید احمد خان نے کون سا رسالہ نکالا تھا؟ اس میں کس طرح کے مضامین چھپتے تھے؟

(vi) مسلم لیگ کے تاسیسی اجلاس کی صدارت کس نے کی؟ ان کا مختصر تعارف کروائیے۔

(vii) انڈین نیشنل کانگرس کس کی کوششوں سے اور کب قائم ہوئی؟

(viii) وفد شملہ میں کتنے ارکان تھے اور اس کے قائد کون تھے؟

(ix) قائداعظم محمد علی جناح مسلم لیگ میں کب اور کس کی دعوت پر شامل ہوئے؟

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) 1920 کی دہائی میں کون سا آئینی کمیشن برصغیر آیا اور کانگرس نے اس کا بائیکاٹ کیوں کیا؟

(ii) نہرو رپورٹ کی کوئی سے دو مسلم دشمن شقوں کی نشاندہی کریں۔

(iii) کانگرس نے پہلی گول میز کانفرنس کا بائیکاٹ کیوں کیا اور دوسری کانفرنس میں اس کی طرف سے کون شریک ہوا؟

(iv) علامہ اقبال نے علیحدہ مسلم ریاست کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

(v) محمد علی جوہر کب فوت ہوئے اور کہاں دفن ہیں؟

(vi) جمیعت علمائے اسلام کے کس کس قائد نے کھل کر پاکستان کی حمایت کی؟ کسی دو کا نام لکھیے۔

(vii) کابینہ مشن کے ارکان کے نام بتائیے۔

(viii) ہندوستان چھوڑ دو تحریک کب چلائی گئی اور مسلمانوں کا اس کے بارے میں ردعمل کیا تھا؟

(ix) بھارت کو کشمیر میں فوجیں بھیجنے کے لئے کون کون سی تحصیلیں دی گئیں؟

سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) لاہور مسلم لیگ کس نے قائم کی اور اس نے کس دستوری کمیشن کے سامنے مسلم مطالبات پیش کیے؟

(ii) غازی علم الدین کا چار جملوں میں تعارف کروائیے۔

(iii) چوہدری رحمت علی کون تھے؟

(iv) وارہا سکیم کیا تھی اور یہ کس نے تیار کی؟

(v) بندے ماترم کا چار جملوں میں تعارف کروائیں۔

(vi) مسلم لیگ نے یوم تشکر کب اور کیوں منایا؟

(vii) 1932 میں کون سے برطانوی وزیراعظم نے فرقہ ورانہ تنازعات پر اپنا فیصلہ سنایا اور وہ فیصلہ کیا تھا؟

(viii) پونا پیکٹ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں اور وہ کس کس کے درمیان ہوا؟

(ix) محسن الملک نے اردو کی حمایت میں جو اقدامات کیے ان میں سے کوئی سے دو تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) محمد علی جناح مرکزی لیجسلیٹو کونسل کے رکن کہاں سے اور کب منتخب ہوئے؟

(ii) پہلی جنگ عظیم میں جو مسلمان لیڈر جیل بھیجے گئے ان میں سے دو معروف قائدین کے نام لکھئے۔؟

(iii) تحریک خلافت یا عدم تعاون کو ختم کرنے کا اعلان کس نے کیا اور کیوں؟

(iv) سر سید احمد خان نے کب وفات پائی اور ان کے بعد علی گڑھ ٹرسٹ کا سیکرٹری کسے بنایا گیا؟

(v) بلوچستان میں مسلم لیگ قائم کی گئی تو اس کا صدر کسے بنایا گیا؟

(vi) متحدہ ہندوستان کی عبوری حکومت میں مسلم لیگ کی طرف سے جو وزیر شامل ہوئے ان میں سے کسی دو کے نام لکھئے۔

(vii) قائداعظم محمد علی جناح نے گورنر جنرل پاکستان کا حلف کب اٹھایا اور یہ حلف کس نے لیا؟

(viii) جموں کشمیر کی ریاست میں کون کون سے لیڈر پاکستان میں شمولیت کے حامی تھے؟

(ix) پنڈت موتی لال نہرو کون تھے؟ ان کا وہ خاص کام بتائیے جس کی وجہ سے وہ مشہور ہیں۔؟

(x) سرحدی گاندھی کسے کہتے ہیں اور کیوں؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ سر سید احمد خان کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ مسلم لیگ کے قیام کے اسباب پر بحث کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ میثاق لکھنو کے اہم پہلو اور ان کی اہمیت بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 8۔ قائداعظم کے چودہ نکات میں سے کوئی سے دس نکات لکھئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ آپ کے خیال میں پاکستان کا مطالبہ کیوں کیا گیا؟ اہم نکات اختصار سے لکھئے۔ 10